No. of Printed Pages : 5

# MUD-010

## M.A. (Urdu) (MAUD)

### Term-End Examination

### June, 2025

### MUD-010 : Meer Taqi Meer Aur Mirza Ghalib Ka Khusoosi Mutala

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔تمام سوالوں کے جواب لکھنا لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ غالبؔ کے ادبی معرکوں پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔

یا

خطوط غالبؔ کا تعارف کراتے ہوئے ان کے خطوط کی ادبی اہمیت واضح کیجیے۔





۲۔ میرتقی میرؔ کی شخصیت پر اظہار خیال کیجیے۔

یا

میرتقی میرؔ کی مرثیہ نگاری کی خصوصیات واضح کیجیے۔

۳۔ جدید اردو نثر کے آغاز و اسباب پر روشنی ڈالتے ہوئے غالب کے نثری امتیازات پر گفتگو کیجیے۔

یا

غالبؔ کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

۴۔ عہد میرؔ کی تہذیبی صورت پر ایک جامع مضمون تحریر کیجیے۔

یا

''نکات الشعرا'' کی روشنی میں میر تقی میرؔ کی تنقیدی آرا پر اظہار خیال کیجیے۔

۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح شعری محاسن کے ساتھ کیجیے۔

دل کے معمورے کی مت فکر فرصت چاہیے
ایسے ویرانے کے اب بسنے کو مدت چاہیے
عاقبت فریاد مرکر کام اپنا کر گیا
آدمی ہووے کسی پیشہ میں جرأت چاہیے





ہو طرف مجھ پہلواں شاعر کا کب عاجز سخن
سامنے ہونے کو صاحب فن کے قدرت چاہیے
عشق میں وصل و جدائی سے نہیں کچھ گفتگو
قرب و بُعد اس جا برابر ہے محبت چاہیے
تنگ مت ہو ابتدائے عاشقی میں اس قدر
خیریت ہے میر صاحب دل سلامت چاہیے

یا

عرض نیاز عشق کے قابل نہیں رہا
جس دل پہ ناز تھا مجھے وہ دل نہیں رہا
مرنے کی اے دل اور ہی تدبیر کر کہ میں
شایانِ دست و بازوے قاتل نہیں رہا

گو میں رہا رہینِ ستم ہائے روزگار
لیکن ترے خیال سے غافل نہیں رہا
دل سے ہوئے کشت وفا مٹ گئی کہ واں
حاصل سوائے حسرت حاصل نہیں رہا
بیداد عشق سے نہیں ڈرتا، مگر اسدؔ
جس دل پہ ناز تھا مجھے وہ دل نہیں رہا

××××××××